شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

14اپریل2026ء

پریس ریلیز

اسرائیل کی خواہش ہے کہ امریکہ، ایران مذاکرات کامیاب نہ ہوں تاکہ خطے میں بدامنی قائم رہے۔
دوہفتہ کی عارضی جنگ بندی کے باوجود امریکہ کا آبنائے ہرمز کی بحری ناکہ بندی کرنا انتہائی اشتعال انگیز ہے۔
پاکستان کو خطے میں امن کے لیے مستقل مصالحتی کردار ادا کرتے رہنا چاہیے۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اسرائیل کی خواہش ہے کہ امریکہ، ایران مذاکرات کامیاب نہ ہوں تاکہ خطے میں بدامنی قائم رہے۔ دوہفتہ کی عارضی جنگ بندی کے باوجود امریکہ کا آبنائے ہرمز کی بحری ناکہ بندی کرنا انتہائی اشتعال انگیز ہے۔ پاکستان کو خطے میں امن کے لیے مستقل مصالحتی کردار ادا کرتے رہنا چاہیے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان کی میزبانی میں امریکی اور ایرانی وفود کے مابین ہونے والے مذاکرات کے تین دور ہوئے اور فوری طور پر اِن مذاکرات کا نتیجہ خیز ثابت ہونے کی امید بھی نہ تھی البتہ اسرائیل کی خواہشات کے عین مطابق امریکی وفد نے ایران کے جوہری پروگرام اور آبنائے ہرمز پر ایرانی کنٹرول کے حوالے سے ایسا موٴقف اختیار کیا جو کسی بھی صورت میں نہ صرف ایران بلکہ پاکستان، ترکیہ، چین اور مشرقِ وسطیٰ کے کئی دیگر ممالک کے لیے بھی ناقابل تسلیم تھا۔ پھر یہ کہ دوہفتہ کی عارضی جنگ بندی کے باوجود امریکہ کا آبنائے ہرمز کی بحری ناکہ بندی کرنا نہ صرف جنگی جرم ہے بلکہ اِس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اِن معاملات میں اصل فیصلہ ساز امریکہ نہیں اسرائیل ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ کی اخلاقی پستی و گراوٹ کا یہ عالم ہے کہ اُس نے ایکس کی ایک پوسٹ میں خود کو (معاذاللہ) 'مسیحؑ' ظاہر کرکے بدترین توہین رسالت کا ارتکاب کیا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بہرحال مذاکرات میں اِس ڈیڈلاک کے باوجود پاکستان اور ہم خیال ممالک کو ایران، امریکہ عارضی جنگ بندی کو قائم رکھنے اور اُسے مستقل جنگ بندی کی صورت دینے کی کوششیں جاری رکھنی چاہئیں تاکہ خطہ میں امن کو بحال رکھا جاسکے۔ پھر یہ کہ اسرائیل کی لبنان پر جاری مسلسل وحشیانہ بمباری کے خلاف عملی اقدامات ہونے چاہئیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اسرائیل خطے بلکہ پوری دنیا کو جنگ کے شعلوں میں جھونکنا چاہتا ہے تاکہ اُس کا ابلیسی ''گریٹر اسرائیل'' منصوبہ پایۂ تکمیل کو پہنچ سکے۔ اُنہوں نے اپیل کی کہ مسلم ممالک متحد ہو کر صہیونی سازشوں کو ناکام بنانے کے لیے لائحہ عمل طے کریں تاکہ مشرقِ وسطیٰ کو صہیونی ریاست کے ناسور سے نجات دلا کر امن کا گہوارہ بنایا جاسکے۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: April 14th, 2026

Israel wants the U.S.–Iran negotiations to fail so that instability may continue in the region.

Despite the two-week temporary ceasefire, the United States' naval blockade of the Strait of Hormuz is extremely provocative.

Pakistan should continue to play a sustained conciliatory role for peace in the region.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that three rounds of talks were held between the American and Iranian delegations under Pakistan's hosting, and there was never any immediate expectation that these negotiations would produce quick results. However, in complete accordance with Israel's wishes, the American delegation adopted a position regarding Iran's nuclear program and Iranian control over the Strait of Hormuz that was unacceptable not only to Iran, but also to Pakistan, Türkiye, China, and several other countries in the Middle East. Moreover, despite the two-week temporary ceasefire, the United States' naval blockade of the Strait of Hormuz is not only a war crime, but also clearly demonstrates that in such matters the real decision-maker is not America, but Israel. The moral degradation of U.S. President Trump has reached such an extent that in a post on X he portrayed himself as "the Messiah" (God forbid), thereby committing a most grievous act of blasphemy against the Prophethood, which deserves the strongest possible condemnation.

He said that despite this deadlock in the negotiations, Pakistan and like-minded countries should continue their efforts to preserve the temporary ceasefire between Iran and the United States and to turn it into a permanent ceasefire so that peace in the region may be maintained. At the same time, practical measures should be taken against Israel's ongoing savage bombardment of Lebanon. He said that Israel wants to throw not only the region but the entire world into the flames of war so that its satanic "Greater Israel" project may be brought to completion. He appealed to Muslim countries to unite and formulate a course of action to foil Zionist conspiracies so that the Middle East may be freed from the cancer of the Zionist state and made into a cradle of peace.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat